ہبہ کرنے والا ہے ہر موجود کو اپنے بھرپور خزائن سے عطیات کا جو کہ نہیں ہوتے زیادہ خرچ کرنے سے

وَبُرُوزِ أَنْفَاسِكَ بِمَنْ تَشَاءُ مِنْ عِبَادِكَ مِمَّنْ تَخْتَارُ مِنْ فَضْلِكَ

اور نفیس اشیاء کے بروز و ظہور سے جسے چاہے اپنے بندوں میں سے جنہیں اختیار کرے اپنے فضل و کرم سے

أَسْأَلُكَ يَا وَهَّابَ الْجَزِيلِ مِنَ الْعَطَايَا وَيَا دَافِعَ الْبَلَايَا أَنْ تُعْطِيَنِي

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے عظیم تر عطیات کے ہبہ کرنے والے اور بلیات کے دور کرنے والے کہ مجھے عطا فرمائے

الْجَزِيلَ مِنْ نَّعْمَائِكَ وَتَدْفَعَ عَنِّي الْجَلِيلَ وَالْحَقِيرَ مِنْ بَلَائِكَ وَ

اپنی بڑی نعمتوں سے اور دور فرمائے مجھ سے اپنی بڑی اور چھوٹی مصیبتیں اور

اَنْ تُعَاجِلَنِیْ بِهَلَاكِ الْاَضْدَادِ الْمُعْتَدِیْنَ وَاَنْ تَسْرَعَ بِقَهْرِكَ الْحُسَّادَ

جلدی فرمائے میرے مخالفین اور ظالمین کی ہلاکت میں اور سرعت سے قہر کا نشانہ بنائے حاسدوں

الْجَائِرِیْنَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَهَبَ لِیْ رِزْقًا حَلَالًا وَّسِرًّا اِلٰهِیًّا تَرْفَعُ بِهِ

اور ظالموں کو، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے رزق حلال بخشے اور سر الٰہی سے محرم راز کرے جس کی بدولت

الْحُجُبَ الظُّلْمَانِیَّةَ مِنْ قَلْبِیْ فَاهْتَدِیْ بِكَ اِلَیْكَ اَللّٰهُمَّ قُدْرَتُكَ

اٹھاوے ظلماتی پردے میرے دل پر سے پس میں ہدایت پاؤں تجھ سے تجھی تک۔ اے اللہ تیری قدرت

فِی الْاَرْضِیْنَ وَالسَّمٰوٰتِ بِاِیْجَادِ الْاَشْیَآءِ وَبَسْطِهَا وَبِحِكْمَتِكَ ثُبُوْتُ

تمام زمینوں اور آسمانوں میں اشیاء کی ایجاد اور ان کے پھیلانے پر ثابت ہے اور تیری حکمت کاملہ کے ساتھ ہے

الْاَمْرِ وَحِفْظُ الْقَلْبِ وَبَسْطُهٗ وَكَشْفُ الْاُمُوْرِ الْغَیْبِیَّةِ وَالثَّبَاتُ

ثبوت ودوام ہر امر کا اور قلب کی حفاظت اور اس کی وسعت وکشادگی اور امور غیبیہ کا انکشاف اور ثابت رہنا

عَلٰی كَشْفِ اللَّطَآئِفِ الْمَغِیْبَةِ وَالْاُمُوْرِ الْعَطَآئِیَّةِ فَامْدُدْنِیْ بِرَقِیْقَةٍ

لطائف غیبیہ اور عطائی امور کے کشف وایضاح پر پس میری امداد فرما ساتھ راز کے

مِّنْ رَّقَآئِقِ اُنْسِكَ لِتُخَاطِبَنِیْ كُلُّ ذَرَّةٍ مِّنْ ذَرَّاتِ الْوُجُوْدِ بِالْبَسْطِ

اپنے راز ہائے انس سے تاکہ کلام کرے مجھ سے ہر ذرہ وجود کے ذرات سے ساتھ وضاحت کے،

اَسْئَلُكَ عَوْنًا عَلٰی اُمُوْرِیْ یَا بَاسِطُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے مدد واعانت کا اپنے تمام امور میں اے باسط۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ مِنَ النَّارِ مُخَلِّصُنَا رَسُوْلٌ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو ہمیں آتش دوزخ سے خلاصی دلاتے والے رسول

صَاحِبُ الْمِحْرَابِ حَاشِرٌ نَبِیُّ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

صاحب محراب اور صاحب حشر نبی ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ هُوَ اَفْضَلُ مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ

محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کہ افضل ہیں تمام انبیاء و صدیقین سے

مَحْبُوْبُنَا رَسُوْلُ صَاحِبِ الْمِنْبَرِ خَطِيْبُ رَحْمَةِ اللهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ہمارے محبوب رسول ہیں، صاحبِ منبر اللہ کی رحمت دربیان اور تقسیم کرنے والے خطیب ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمَسْجِدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو محبوب صاحب مسجد ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ السَّيْفِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب مضبوط تلوار

الْمَتِيْنِ اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ

والے ہیں۔ اے اللہ تیری توفیق سے ہم نے صبح کی اور تیری توفیق سے ہی شام کی اور تیرے مارنے سے ہی مریں گے اور

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَصْبَحْتُ فِيْ حِمَاكَ الَّذِيْ لَا يُسْتَبَاحُ وَبِذِمَّتِكَ الَّتِيْ

تیری طرف ہی اٹھنا ہے۔ اے اللہ میں تیری حمایت و پناہ میں داخل ہوا جس کو مباح و حلال نہیں سمجھا جا سکتا اور ساتھ تیری ذمہ داری کے جس

لَا تُخْفَرُ وَجِوَارِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِعِزَّتِكَ وَبِقُدْرَتِكَ

میں خلل اندازی نہیں کی جا سکتی اور تیرے جوار و قرب میں جس کا قصد (اعداء کی طرف سے) نہیں کیا جا سکتا اور میں سوال کرتا ہوں تیری عزت و

وَقُوَّتِكَ اَنْ تَجْعَلَنِيْ فِيْ عَوْنِكَ وَجِوَارِكَ وَاَمْنِكَ وَعِيَاذِكَ وَ

قدرت اور قوت کے طفیل کہ مجھے رکھے اپنی امداد اور جوار و قرب اور امن و حفاظت اور پناہ اور

عَهْدِكَ وَمَنْهِكَ وَاَمَانِكَ وَمَنْعِيَّتِكَ الَّتِيْ لَا تُرَامُ وَعِزِّكَ الَّذِيْ

پیمان میں اور اپنی حفاظت اور امان اور حفاظت و نگرانی میں جس کا قصد نہیں کیا جا سکتا اور اپنی عزت و غلبہ کے سایہ میں

لَا يُسْتَطَاعُ مِنْ غَضَبِكَ وَسُوْءِ عِقَابِكَ وَاَلِيْمِ عَذَابِكَ وَشَرِّ

جس کی تاب نہیں لائی جا سکتی اپنے غضب اور سخت عقاب اور درد ناک عذاب اور بندوں کے

عِبَادِكَ وَمِنْ شَرِّ بَوَآئِقِ اللَّيَالِيْ وَمِنْ شَرِّ اَحْدَاثِ النَّهَارِ وَطَوَارِقِ

شر سے اور راتوں کی ہلاکتوں کے شر اور دن کے حوادث کے شر اور رات میں آنے والے

اللَّيْلِ الْاَطَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَّا رَحْمَانُ يَا رَحِيْمُ الرَّاحِمِيْنَ ۵

شرور سے ماسوائے اس کے جو خیر اور بھلائی کے ساتھ دروازہ کھٹکھٹائے اے رحمان۔ اے تمام راحمین کے رحیم۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّ نَفْسِىْ سَفِيْنَةٌ سَآئِرَةٌ فِىْ بِحَارِ طُوْفَانِ الْاِرَادَةِ حَيْثُ

اے اللہ بیشک میرا نفس ایک کشتی ہے جو (تیرے) ارادہ کے طوفان کے سمندروں میں جاری ہے جہاں

لَا مَلْجَا وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّآ اِلَيْكَ فَاجْعَلِ اللّٰهُمَّ بِسْمِ اللهِ مَجْرٖيهَا

نہ کوئی جائے پناہ اور نہ نجات کی جگہ ہے تجھ سے مگر ساتھ تیری ذات کے پس کر اے اللہ اپنے نام مقدس کے ساتھ ہی اس کا

وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّىْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ وَاشْغَلْنِىْ اللّٰهُمَّ بِكَ عَمَّنْ اَبْعَدَنِىْ

چلنا اور ٹھہرنا ، بیشک میرا پروردگار البتہ بہت بخشنے والا، رحم فرمانے والا ہے اور مشغول فرما اے اللہ ساتھ اپنے ان سے جو مجھے دور کریں

عَنْكَ حَتّٰى لَآ اَسْئَلُكَ مَا لَيْسَ لِىْ بِهٖ عِلْمٌ وَاعْصِمْنِىْ بِعِصْمَةِ

تجھ سے یہاں تک کہ میں نہ سوال کروں تجھ سے جس کا مجھے علم نہیں اور مجھے محفوظ فرما ساتھ اپنی حفاظت کی عصمت

حِفْظِكَ يَا وَلِىُّ يَا وَفِىُّ يَا عَلِىُّ يَا رَحْمَانَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

و پناہ کے اے کارساز اے وفائے کامل والے اے بلند شان، اے دنیا و آخرت میں غایت رحمت والے ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرِّيَاحِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر مطابق تعداد بارانی ہواؤں کے

الْمُسَخَّرَاتِ فِىْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا وَجَوْفِهَا وَقِبْلَتِهَا

جو مسخر ہیں زمین کی مشرقی اور مغربی جانبوں میں اور اس کے وسط اور قبلہ کی جہت میں ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آلِ اطہار پر

عَدَدَ كُلِّ ذَرَّةِ الرِّمَالِ وَعَدَدَ كُلِّ وَابِلٍ وَّطَلٍّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

مطابق تعداد ریت کے ہر ذرہ کے اور بارش کے ہر بڑے اور چھوٹے قطرے کے ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِى

و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آلِ اطہار پر مطابق تعداد اس کے جو

السَّمَآءِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

آسمان میں ہے اور زمین میں ہے اور ان کے درمیان ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ رَوْحٍ وَّرَاحَةٍ وَّعَافِيَةٍ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر خوشی اور راحت وعافیت کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد

دَفْعِ الْبَلَاۤءِ وَالْوَبَاۤءِ وَالطَّاعُوْنِ وَالْاَسْقَامِ وَالْاَمْرَاضِ اَللّٰهُمَّ

دور کرنے بلاؤں اور وباؤں کے اور طاعون اور عوارض و بیماریوں کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر مطابق ہر

صَلٰوةٍ صَلَّتْهَا جَمِيْعُ الْخَلَاۤئِقِ وَالْبَشَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

صلوٰۃ کے جو بھیجی تمام مخلوقات نے (بالعموم) اور انسانوں نے (بالخصوص) اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ نَبِيِّكَ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ وَعَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَاۤئِكَ

اپنے نبی محمّد پر اور اپنے خلیل ابراہیم پر اور تمام انبیاء پر

وَاَصْفِيَاۤئِكَ مِنْ اَهْلِ اَرْضِكَ وَسَمَاۤئِكَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَاۤءَ

اور تمام مخلصین پر اہل ارض سے ہوں یا اہل سماوات سے مطابق تعداد اپنی مخلوق کے اور رضائے

نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمُنْتَهٰى عِلْمِكَ وَ

ذات اور مقدارِ عرش اور کلماتِ قدسیہ کی سیاہی اور منتہائے علم کے اور

زِنَةَ جَمِيْعِ مَخْلُوْقَاتِكَ صَلٰوةً مُّكَرَّرَةً اَبَدًا اَعْدَادَ مَا اَحْصٰى

مطابق مقدار و اعداد تمام مخلوقات کے ایسی صلوٰۃ جس کا ہمیشہ ہمیشہ تکرار ہوتا رہے مطابق اعداد ان معلومات

عِلْمُكَ وَمِلْاَ مَا اَحْصٰى عِلْمُكَ وَاَضْعَافَ مَا اَحْصٰى عِلْمُكَ صَلٰوةً

کے جنہیں تیرا علم احاطہ کئے ہوئے ہے اور بھری اس کی جسے تیرا علم محیط ہے اور کئی گنا اس سے جسے تیرا علم محیط ہے ایسی صلوٰۃ

تَزِيْدُ وَتَفُوْقُ وَتَفْضُلُ صَلٰوةَ الْمُصَلِّيْنَ عَلَيْهِمْ مِّنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ

جو زائد اور فائق و افضل ہو ان پر صلوٰۃ بھیجنے والی تمام مخلوق (کی صلوات) سے

كَفَضْلِكَ عَلٰى جَمِيعِ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مانند تیری فضیلت و برتری کے اوپر تمام مخلوقات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ حَسَنَاتِ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ

اور آل محمدؐ پر مطابق تعداد حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ

وَحَيْدَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور حضرت علی حیدر رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی حسنات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ حَسَنَةٍ مِّنْ حَسَنَاتِ

محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر مطابق تعداد ہر نیکی کے ان حضرات کی نیکیوں میں سے

مَنْ كُنْتَ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کہ تو جن کے کان اور آنکھ ہو گیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ وَ

اور آل محمدؐ پر مطابق تعداد ان اشیاء کے جنہیں تو نے پیدا کیا۔ رزق دیا اور موت دی اور

اَحْيَيْتَ اِلٰى يَوْمِ تَبْعَثُ مَنْ اَفْنَيْتَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

زندہ کیا اس دن تک کہ جس میں زندہ کر کے اُٹھائے گا جنہیں فنا و ہلاک کیا تو نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِكَ

سیّدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر مطابق تعداد ان اشیاء کے جو تیرے علم میں ہیں

صَلٰوةً تَدُوْمُ بِدَوَامِ مُلْكِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

ایسی صلوٰۃ جو دائم ہو تیرے دوام ملک کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ مَا

محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر مطابق تعداد ان اشیاء کے جنہیں محیط ہے تیرا علم جب تک

دَامَ مُلْكُكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

کہ قائم و دائم رہے تیرا ملک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كَمَالِ اللّٰهِ وَكَمَا يَلِيْقُ بِكَمَالِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آل پر مطابق اپنے کمالات کے اور جیسے کہ لائق ہے تیرے حبیب کے کمال کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِ

نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق اس کے جو اللہ کے علم میں ہے

اللّٰهِ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ایسی صلوٰۃ جو دائم ہو اللہ کے ملک کے دوام کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ

سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد اللہ کریم کی نعمتوں کے

وَاَفْضَالِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور انعامات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا شَمِلَهٗ كَرَمُكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

آل پر مطابق تعداد ان اشیاء کے جنہیں شامل ہے کرم تیرا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا عَمَّ حِلْمُكَ

سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ان اشیاء کے جنہیں محیط ہے علم وتحمل تیرا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَفْرَادِ رَحْمَةِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

پر مطابق تعداد اپنے افراد رحمت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ تَعْدَادِ

سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد اپنے اعداد

نِعْمَةِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

نعمت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْحُزْنِ وَالسُّرُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
آل محمد پر مطابق اعداد حزن و ملال اور فرحت وسرور کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الظُّهُوْرِ وَ
فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ظہور (اشیاء) اور

الْبُطُوْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ
ان کے خفاء کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْعُلُوْمِ وَالْفُنُوْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
محمد پر مطابق تعداد علوم و فنون کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَحْوَالِ
فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد احوال

وَالشُّئُوْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ
اور کیفیات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْحَرَكَةِ وَالسُّكُوْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
کی آل پر مطابق اعداد حرکات و سکنات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاٰبَارِ وَالْاَشْعَارِ
سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد کنوؤں، بالوں

وَالْجُفُوْنِ وَعَدَدَ كُلِّ عَالٍ وَّدُوْنٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
اور پلکوں کے اور مطابق اعداد ہر اعلیٰ وادنیٰ شئی کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَمْكِنَةِ وَ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد مکانات کے اور

السَّاحَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ
صحنوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الدَّقَائِقِ وَالسَّاعَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمدؐ پر مطابق تعداد منٹوں اور گھنٹوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْحَسَنَاتِ وَ

فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر مطابق اعداد تمام حسنات اور

الطَّاعَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

طاعات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاٰثَارِ وَالْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آل اطہار پر مطابق تعداد آثار و افعال اور اسماء اور صفات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاُنُوْفِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر مطابق تعداد تمام ناکوں

وَالشِّفَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اور ہونٹوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَفْرَادِ الْمَلٰٓئِكَةِ وَمَجَامِعِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کی آل پر مطابق تعداد۔ ملائکہ کے افراد اور ان کے مجمعوں اور مجالس کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر مطابق تعداد

اَذْكَارِهَا وَمَوَاضِعِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اذکار ملائکہ کے اور ان کے مواضع کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَمَرَاتِبِهَا اَللّٰهُمَّ

اور آپ کی آل اطہار پر مطابق تعداد اہل جنت کے اور جنت کے مراتب کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد

اَهْلِ النَّارِ وَمَقَامِعِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اہلِ نار کے اور اس کے ہتھوڑوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْمِيَاهِ وَمَنَابِعِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور آل محمّد پر مطابق تعداد پانیوں کے اور ان کے چشموں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَمْطَارِ وَمَنَافِعِهَا

فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد بارشوں کے اور ان کے منافع کے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر

رَطْبٍ وَّيَابِسٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

تر اور خشک کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آل محمّد

مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ وَاقِفٍ وَّجَالِسٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پر مطابق تعداد ہر کھڑے اور بیٹھے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ ضَاحِكٍ وَّعَابِسٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور آل محمّد پر مطابق تعداد ہر ہنس مکھ اور تیوری چڑھانے والے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ عَارٍ وَّلَابِسٍ

نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر برہنہ اور صاحبِ لباس کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد

السَّحَابِ وَالْغَمَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

بادلوں اور گھٹاؤں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الصَّلٰوةِ وَالصِّيَامِ وَالْقُعُوْدِ وَالْقِيَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کی آل اطہار پر مطابق تعداد نمازوں اور روزوں کے اور قعدوں اور قیاموں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْخَوَاصِّ وَالْعَوَامِّ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر مطابق تعداد خواص اور عوام کے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر مطابق تعداد

الْاَعْدَادِ وَالْاَضْدَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اعداد کے اور اضداد و مقابلین کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَتْرَابِ وَالْاَنْدَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

کی آل اطہار پر مطابق تعداد ہم عصروں کے اور مدِمقابلوں اور مخالفوں کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْحُبِّ وَالْوِدَادِ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد محبتوں اور مودتوں کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرِّبَاطَاتِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد رگوں

وَالْاَعْصَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور پٹھوں کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ عَدَدَ اِحْسَانِ اللّٰهِ تَعَالٰى اِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر مطابق اپنے احسانات کے ان پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اِنْعَامِ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ

محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد اپنے انعام کے ان پر۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَجْرِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ان پر

مَنْ صَلّٰى وَسَلَّمَ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

درود و سلام بھیجنے والوں کی تعداد کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَوْرَاقِ اَشْجَارِ الْجَنَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آل محمد پر مطابق تعداد جنتی درختوں کے پتوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ اِنْسٍ وَّجِنَّةٍ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ہر انسان اور جن کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْوِلْدَانِ وَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ولدان اور

الْحُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

حوروں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد

الْغُرَفِ وَالْقُصُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

جنتی بالاخانوں اور محلات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ عَدَدَ الثَّوَابِ وَالْاُجُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ

آل پر مطابق تعداد ہر ثواب کے اور تمام اجور کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ ثِمَارِ الْجَنَّةِ الْمَوْصُوْفَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آپ کی آل اطہار پر مطابق تعداد تعریف و توصیف کی ہوئی جنت کے پھلوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ نَمَارِقِهَا الْمَصْفُوْفَةِ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد جنتوں کے صف در صف بچھے ہوئے گدوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد

اٰلَائِكَ وَنَعْمَائِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اپنی ظاہری اور باطنی نعمتوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کی آل اطہار پر مطابق تعداد اپنے معلومات اور بمقدار اپنے کلمات کی سیاہی کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ نُجُوْمِ الْاَفْلَاكِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد افلاک کے ستاروں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد اس کے

فَوْقَ الْاَرْضِ وَتَحْتَ التُّخُوْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جو روئے زمین پر ہے اور جو حدود ارضی سے نیچے ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْجَرَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور آپ کی آل اطہار پر مطابق تعداد مکڑی کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْهَوَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد زہریلے جانوروں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْغَمَامِ اَللّٰهُمَّ

سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد بادلوں کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْبَدْوِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر مطابق اعداد دیہات اور جنگلات کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْحَضَرِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر مطابق اعداد شہروں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الشَّعَرِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد جانداروں کے بالوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْوَبَرِ اَللّٰهُمَّ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ اور آپ کی آل پر مطابق اعداد اونٹوں کے بالوں کے۔

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا تَقَدَّسَ بِهٖ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد ان اشیاء کے کہ ظاہر ہوا القدس نیز بے

اِسْمُكَ وَنَفَذَ فِيْهِ حُكْمُكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اسم کا ان سے اور نافذ ہوا ان میں حکم تیرا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

آل محمد پر مطابق تعداد گزری مخلوق کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ بَقِيَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد باقی رہنے والی مخلوق کے اور ان میں سے سعادتمندوں اور

مَنْ شَقِيَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

بدبختوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِكَ وَسِعَةِ رِزْقِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر مطابق تعداد اپنی مخلوق کے اور وسعت رزق کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِي الْاَرْضِ مِنَ الْوُحُوْشِ

محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد وحشی جانوروں کے جو زمین میں ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد

مَا يَتْلُوْنَ كُلَّ يَوْمٍ مِّنْ نُّوْرِ الْعَرْشِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

روزانہ موجود ہونے والے نور عرش کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ رِضَاكَ الْقَآئِمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

محمد پر اور آل محمد پر مطابق اپنی پائیدار رضا کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ ثَوَابِ مُلْكِكَ

سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق اس ثواب کے جو تیرے دائمی ملک یعنی

الدَّآئِمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جنت میں ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر

عَدَدَ نِعَمِكَ وَاٰلَائِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
مطابق تعداد اپنی ظاہری اور باطنی نعمتوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُتُبِكَ وَاَسْمَائِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
آل محمد پر مطابق تعداد اپنی کتابوں کے اور اسماء کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ
سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر مطابق تعداد ان کے جنہوں نے

ذَكَرَكَ بِلِسَانِ الطَّاعَةِ وَالْعِبَادَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
تجھے یاد کیا طاعت اور عبادات کی زبان کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ مَّدَّ اِلَيْكَ اَكُفَّ
سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ان لوگوں کے جنہوں نے بڑھایا تیری طرف

التَّضَرُّعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
زاری کی ہتھیلیوں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

عَدَدَ مَنَازِلِ الْجِنَانِ وَاَدْرَاجِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
مطابق تعداد جنت کی منزلوں کے اور ان کے راستوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا يَلِجُ الْبَيْتَ الْمَعْمُوْرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور آل محمد پر مطابق تعداد ہونے والوں کے بیت المعمور میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ يَّطُوْفُ بِالْبَيْتِ
نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد طواف کرنے والوں کے ساتھ بیت حرام

الْحَرَامِ مِنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْمَلٰٓئِكَةِ الْكِرَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
کے انسانوں، جنوں اور ملائکہ کرام سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْعُلُوْمِ وَالْمَعَارِفِ
فرما سیدنا محمد پر اور آلِ محمد پر مطابق تعداد علوم و معارف کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرَّزَازِ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد بادلوں کی گرج

وَالرَّشِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اور بارشوں کے چھینٹوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

عَدَدَ مَا طِیْفَ حَوْلَ الْعَرْشِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
مطابق ان طوافوں کے جو کئے گئے عرش اعظم کے گرد۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْمِیَاہِ وَضُرُوْبِھَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
آل محمد پر مطابق پانیوں اور ان کے انواع واقسام کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرِّیَاحِ وَھُبُوْبِھَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ہواؤں اور ان کے تیز چلنے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْعَوَالِمِ الْعُلْوِیَّۃِ وَ
فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد بالائی اور نشیبی

السُّفْلِیَّۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
جہانوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر

عَدَدَ مَا بَیْنَ ذٰلِکَ مِنَ الْمَقَادِیْرِ الرَّبَّانِیَّۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
مطابق تعداد تقدیرات ربّانیہ کے جو ان میں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا انْدَرَجَ تَحْتَ قَوْلِہٖ کُنْ
سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ان موجودات کے جو داخل ہیں نیچے کن

فَیَکُوْنُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
فیکون والے فرمان کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر

عَدَدَ ظِلَالِ الْجَنَّۃِ الْمَمْدُوْدَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
مطابق تعداد جنت کے دراز ترین سایوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَنْهَارِهَا الَّتِىْ تَجْرِىْ عَلٰى غَيْرِ اُخْدُوْدٍ
اور آل محمد پر مطابق تعداد ان جنتی نہروں کے جو جاری ہیں بغیر گہرائی اور کناروں کے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق

اَنْهَارِ الْجَنَّةِ وَالسَّلْسَبِيْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
جنتی نہروں کے اور سلسبیل کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مِزَاجِهَا الزَّنْجَبِيْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
آل محمد پر مطابق تعداد ان میں زنجبیل (سونٹھ) کی آمیزش کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ سُرُرِ الْجَنَّةِ الْمَرْفُوْعَةِ
سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد جنت کے بلند تختوں اور

وَاَكْوَابِهَا الْمَوْضُوْعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اس میں رکھے ہوئے کٹوروں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَرَاكِبِ الْجَنَّةِ الْمَحْثُوْثَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
آل محمد پر مطابق تعداد جنت کی تیز رفتار سواریوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ رَفَارِفِهَا الْخُضْرِ
فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد جنّت کے سبز رنگ

الْاَلْوَانِ وَعَبْقَرِيِّهَا الْحِسَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
ریشمی بچھونوں کے اور تعجب انگیز حسینوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ دَوَرَانِ الْفَلَكِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
آل محمد پر مطابق تعداد گردشِ فلک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ بِحَارِ الْاٰخِرَةِ وَاَيَّامِ الدُّنْيَا
سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد موجیں مارتے سمندروں کے اور دنیا و آخرت کے

وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ایام کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آل محمّد پر

عَدَدَ الْبُؤْسِ وَالنَّعِيْمِ وَمَا هَبَّ عَلَيْهِ النَّسِيْمُ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ

مطابق تعداد محنتوں ، شدتوں اور نعمتوں کے اور ہر اس شی کے جس پر چلے بادِ صبا ۔ اے اللہ کھول دے ہمارے

قُلُوْبِنَا بِذِكْرِكَ وَاَتْمِمْ عَلَيْنَا بِنِعْمَتِكَ وَاَسْبِغْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلِكَ

دلوں کے تالے اپنے ذکر کے ساتھ اور ہم پر کامل فرما اپنی نعمت اور ہمیں محیط فرما اپنا فضل اور

اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ اٰتِنِيْ اَفْضَلَ مَا تُؤْتِيْ عِبَادَكَ

بنا ہمیں اپنے صالح بندوں سے ۔ اے اللہ مجھے عطا فرما افضل ترین ثواب جو دے گا تو اپنے

الصّٰلِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مُسْلِمًا وَّاَمِتْنِيْ مُسْلِمًا اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ

نیک بندوں کو ۔ اے اللہ مجھے زندہ رکھنا حالتِ اسلام پر اور موت دینا حالتِ اسلام پر ۔ اے اللہ کافروں کو

الْكَفَرَةَ وَاَلْقِ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ وَخَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَاَنْزِلْ

عذاب دے اور ڈال ان کے دلوں میں رعب اور ان میں باہم اختلاف پیدا فرما اور نازل فرما

عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ الْكَفَرَةَ اَهْلَ الْكِتَابِ وَ

ان پر اپنی طرف سے طاعون اور عذاب ۔ اے اللہ عذاب دے تمام کفار کو اہل کتاب ہوں یا

الْمُشْرِكِيْنَ الَّذِيْنَ يَجْحَدُوْنَ اٰيَاتِكَ وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَيَصُدُّوْنَ

مشرکین ۔ جو انکار کرتے ہیں تیری آیات کا اور جھٹلاتے ہیں تیرے رسولوں کو اور روکتے ہیں

عَنْ سَبِيْلِكَ وَيَتَعَدَّوْنَ حُدُوْدَكَ وَيَدْعُوْنَ مَعَكَ اِلٰهًا اٰخَرَ

تیری راہ سے اور تجاوز کرتے ہیں تیری مقررہ حدود سے اور پوجتے ہیں تیرے ساتھ دوسرے معبود

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ عَمَّا يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا

باطلہ کو ۔ نہیں معبود برحق مگر تو ، تو بابرکت ہے اور بلند تر اس سے جو ظالم لوگ

كَبِيْرًا اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

کہتے ہیں ۔ اے اللہ ہمیں بخش اور مومن مردوں اور عورتوں کو اور مسلمان مردوں اور

الْمُسْلِمَاتِ وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَاَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَاجْعَلْ فِيْ

عورتوں کو اور ان میں باہمی صلح و آشتی پیدا فرما اور ان کے دلوں میں الفت پیدا فرما اور پیدا فرما

قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَالْحِكْمَةَ وَثَبِّتْهُمْ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِكَ وَاَوْزِعْهُمْ

ان کے دلوں میں ایمان اور حکمت اور انہیں ثابت قدم رکھ اپنے رسول پاک کی ملّت پر اور انہیں توفیق دے

اَنْ يَّشْكُرُوْا نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ وَاَنْ يُّوْفُوْا بِعَهْدِكَ

کہ شکرادا کریں تیری نعمتوں کا جو تو نے انہیں عطا فرمائی ہیں اور پورا کریں تیرے عہد کو

الَّذِيْ عَاهَدْتَّهُمْ عَلَيْهِ وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ اِلٰهَ

جو تو نے ان سے لیا ہے اور ان کی مدد فرما اپنے دشمنوں اور ان کے دشمنوں پر۔ اے الٰہ

الْحَقِّ سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اِغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ عَمَلِيْ

برحق میں تیری پاکیزگی بیان کرتا ہوں۔ نہیں معبود برحق مگر تو بخش دے میرا ہر گناہ اور اصلاح فرما میرے ہر عمل

اِنَّكَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ لِمَنْ تَشَآءُ وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ط يَا غَفَّارُ

کی بیشک تو بخشتا ہے گناہوں کو جس کے لیے چاہے اور تو ہی غفور و رحیم ہے۔ اے غفار

اِغْفِرْ لِيْ يَا تَوَّابُ تُبْ عَلَيَّ يَا رَحْمٰنُ اِرْحَمْنِيْ يَا عَفُوُّ اُعْفُ عَنِّيْ يَا

مجھے بخش اے توّاب مجھ پر نظر رحمت فرما۔ اے رحمٰن مجھ پر رحم فرما۔ اے درگزر فرمانے والے مجھ سے درگزر فرمالے

رَءُوْفُ اُرْءُفْ بِيْ يَا رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ

رءوف میرے ساتھ مہربانی فرما۔ اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ میں شکرادا کروں تیری ہر نعمت کا جو تو نے مجھے

عَلَيَّ وَطَوِّقْنِيْ حُسْنَ عِبَادَتِكَ يَا رَبِّ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ يَا رَبِّ

عطا کی اور مجھے طاقت بخش اپنی عبادت اچھی طرح کرنے کی۔ اے میرے رب میں سوال کرتا ہوں ہر طرح کی خیر کا۔ اے اللہ

اِفْتَحْ لِيْ بِخَيْرٍ وَّاخْتِمْ لِيْ بِخَيْرٍ وَّاٰتِنِيْ تَشَوُّقًا اِلٰى لِقَآئِكَ مِنْ غَيْرِ

میرا آغاز فرما ساتھ خیر کے اور میرا اختتام فرمانا ساتھ خیر کے۔ اور مجھے عطا فرما اپنی ملاقات کا شوق بغیر

ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ وَّقِنِي السَّيِّئَاتِ وَمَنْ تَقِ السَّيِّئَاتِ

ضرر رساں نقصان کے اور گمراہ کن فتنہ کے اور بچا مجھے برائیوں سے اور جسے بچائے تو برائیوں سے

يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اس دن تو تحقیق تونے اس پر رحم فرمایا اور وہ عظیم کامیابی ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ تُرَابِ الْاَرْضِ وَمَا

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق مقدار زمین کی غبار و خاک کے اور

صُلِّيَتْ عَلَيْهِ النَّفْلُ وَالْفَرْضُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

مطابق اس پر پڑھے جانے والے فرائض و نوافل کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِى الْجِنَانِ مِنْ قُبَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد جنت کے قبہ جات کے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِى السَّنَابِلِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق ان دانوں کے

مِنْ حَبَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جو خوشوں میں ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

عَدَدَ مَا نَطَقَتْ بِهِ الْاَلْسُنُ الْفُصَّاحُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

مطابق تعداد ان کلمات کے جن کے ساتھ فصیح زبانوں نے تکلم کیا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا نَظَرَتْهُ الْعُيُوْنُ فِى الْاَمَاكِنِ

محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ہر متحرک اور ساکن کے

مِنَ الْمُتَحَرِّكِ وَالسَّوَاكِنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

جنہیں دیکھا آنکھوں نے ان کے مکانوں میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا شَمَّتْهُ الْاُنُوْفُ وَمَا كَتَبَتْهُ الْاَكُفُّ مِنَ

آل محمد پر مطابق تعداد ان خوشبوؤں کے جنہیں ناکوں نے سونگھا اور حروف کے جنہیں ہاتھوں نے

الْحُرُوْفِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

لکھا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا سَمِعَتْهُ الْاٰذَانُ فِى السِّرِّ وَالْاِعْلَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پر مطابق تعداد ان کلمات کے جو سُنے کانوں نے پوشیدہ اور علانیہ طور پر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ عَمَّتْهُ شَفَاعَتُهٗ

فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آلِ اطہار پر مطابق تعداد دائرہ شفاعت میں آنے والوں کے

وَبَلَّغَتْهُ رِسَالَتُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور جنہیں پہنچے آپ کے احکام رسالت۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ وَّافَى الْقِيٰمَةَ وَوَسِعَتْهُ دَارُ الْمُقَامَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

آل پر مطابق تعداد ان کے جو پائیں قیامت کو اور جن کی گنجائش ہو جنت میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ صَلَاةٍ لَّا يَنْقَضِىْ

سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد نمازوں کے کہ نہ ختم ہو

مَدَدُهَا وَلَا يَنْقَطِعُ اَمَدُهَا وَلَا يُحْصٰى عَدَدُهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

تسلسل ان کا اور نہ منقطع ہو غایت و نہایت ان کی اور نہ شمار کی جاسکے تعداد ان کی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَوْجَدَتْهُ الْقُدْرَةُ

فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد موجودات کے جنہیں موجود کیا تیری قدرت

وَخَصَّصَتْهُ الْاِرَادَةُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

نے اور خاص کیا تیرے ارادہ نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَعْدَادِ كُلِّهَا مِنْ حَيْثُ اِنْتِهَآئِهَا فِىْ عِلْمِكَ وَ

کی آل پر مطابق تمام اعداد کے جہاں پر ان کی انتہاء ہے تیرے علم محیط میں اور

مِنْ حَيْثُ اِحَاطَتِكَ بِمَا تَعْلَمُ لِنَفْسِكَ مِنْ غَيْرِ اِنْتِهَآءٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

جیسے کہ تو احاطہ کئے ہوئے اپنے معلومات کا بذاتِ خود بغیر انتہاء کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ ذِىْ اُذُنٍ

وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد کانوں والی اشیاء کے

وَصِمَاخِ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اوران کے سوراخوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

عَدَدَ خُطُوَاتِ النَّاسِ فِى الْاَسْفَارِ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

مطابق تعداد لوگوں کے قدموں کے اپنے سفروں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْحَرَكَةِ فِى السُّنَّةِ وَالْفَرْضِ اللّٰهُمَّ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر مطابق تعداد ہر حرکت کے سنن اور فرائض ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا يَطْلُعُ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل محمد مطابق تعداد ان اشیاء کے

عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

جن پر طلوع ہوتا ہے سورج اور چاند۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ حَجَّ وَاعْتَمَرَ وَمُعْجِزَاتِهِ الَّتِى لَا تُحْصَرُ

کی آل پر مطابق تعداد ہر حاجی اور عمرہ والے کے اور آپ کے معجزات غیر محدودہ کے

اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر مطابق تعداد تمام

صَلّٰى عَلَى الْاَخْيَارِ وَالْاَشْرَارِ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اچھے اور بُرے لوگوں کے جنہوں نے نماز پڑھی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَعْضَاءِ وَالْاِمْدَادِ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آل محمد پر مطابق تعداد اعضاء کے اور امداد واعانت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَنْفَاسِ الْمُسْتَغْفِرِيْنَ

فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق استغفار کرنے والوں کے سانسوں کے

بِالْاَسْحَارِ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

